## ایم کیوایم پاکستان کوفلاحی ریاست بنانا چاہتی ہے، سلیم شہزاد
## الطاف حسین کی قیادت میں اپنی منزل ضرور حاصل کریں گے، فیض احمد
## ایم کیوایم یوکے یونٹ کے تحت ویمبلے (WEMBLEY) میں رکنیت سازی مہم کے اجتماع سے خطاب

لندن۔۔۔03اپریل2010ء

ایم کیوایم یوکے یونٹ کی جانب سے برطانیہ کے مختلف شہروں میں رکنیت سازی مہم کا سلسلہ جاری ہے اوراس سلسلے میں لندن کے علاقے ویمبلے ( Wembley ) میں ایک اجتماع منعقد کیا گیا جس میں ویمبلے میں مقیم پاکستانی نوجوانوں، بزرگوں، خواتین اور بچوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد نے اپنے خطاب میں کہا کہ ایم کیوایم پاکستان کو ایک ایسی فلاحی ریاست بنانا چاہتی ہے جہاں ملک بھر کے عوام کو بلا امتیاز رنگ ونسل، زبان، عقیدہ اور مذہب بنیادی حقوق میسر ہوں۔انہوں نے کہا کہ فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے باعث پاکستان میں نہ صرف میرٹ کا قتل ہورہا ہے اور ہرشعبہ میں بدعنوانی عام ہے بلکہ پاکستان کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام اپنے بنیادی حقوق سے بھی محروم ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم چاہتی ہے کہ ملک میں غریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی قائم ہواور فرسودہ جاگیردارانہ اور وڈیرانہ نظام کا خاتمہ ہو۔انہوں نے کہا کہ سونے کا چمچہ منہ میں لے کر پیدا ہونے والے غریب عوام کے مسائل حل نہیں کرسکتے اور غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کو اپنے مسائل کے حل اور بنیادی حقوق کے حصول کے لئے اپنی صفوں سے تعلیم یافتہ اور ایماندار قیادت نکالنا ہوگی۔قبل ازیں ایم کیوایم یوکے کے جوائنٹ آرگنائزر فیض احمد نے اپنے خطاب میں کہا کہ ایم کیوایم، پاکستان کو درپیش بحرانوں اور مسائل کے حل کا ادراک رکھتی ہے اور پاکستان میں غریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی کے لئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا حق پرستانہ فکروفلسفہ ملک کے گوشے گوشے میں پھیل رہا ہے اور ملک بھر کے عوام جوق در جوق ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ انشاءاللہ وہ وقت دور نہیں جب ملک بھر کے مظلوم عوام جناب الطاف حسین کی قیادت میں اپنی منزل ضرور حاصل کریں گے اور پاکستان ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن ہوگا۔اجتماع سے ایم کیوایم یوکے کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان ہاشم اعظم، سہیل خانزادہ، عبدالحلیم اور ویمبلے کے یونٹ انچارج عبدالحفیظ نے بھی خطاب کیا۔اس موقع پر متعدد نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین نے ایم کیوایم کے ممبرشپ فارم پر کئے اور ایم کیوایم کی رکنیت اختیار کی۔

☆☆☆☆☆